SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**February 28, 2019**
***For immediate release***

**انٹر یونیورسٹی سٹاک ٹریڈ نگ مقابلہ جیتنے والوں میں تقسیم انعامات**

اسلام آباد (فروری 28) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے چوتھے انٹر یونیورسٹی سٹاک ٹریڈنگ مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والوں میں تقسیم انعامات کی تقریب منعقد کی۔ ایس ای سی پی کے چیئر مین فرخ سبزواری نے جیتنے والوں کو سراہا اور انعامات تقسیم کئے۔

مقابلے کے شرکاء ایس ای سی پی کے انویسٹر ایجوکیشن کے پروگرام جمع پونجی کی ویب سائٹ کے ذریعے طلبہ سے سٹاک ایکسچینج ٹریڈنگ مقابلے کے لئے نامزدگیاں لی گئی تھیں۔ پورے ملک سے ملک کی اکتالیس یونیورسٹیوں کے طلبہ نے مقابلے میں شرکت کے لئے رجسٹریشن کروائی۔ مقابلے کے اختتام پر شرکاء کے حتمی بیلنس/پورٹ فولیو کی بنیاد پر کامیاب جیتنے والوں کا انتخاب کیا گیا۔

اسلام آباد ریجن سے قائد اعظم یونیورسٹی، ورچوئل یونیورسٹی، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز کے طلبہ نے مقابلے میں کامیابی حاصل کی۔ پنجاب ریجن سے یونیورسٹی آف لاہور، یونیورسٹی آف واہ اور لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائینسز (لمز) کے طلبہ نے پوزیشنیز لیں۔ سندھ ریجن سے خادم علی شاہ بخاری انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، جامعہ کراچی اور کراچی سکول فار بزنس اینڈ لیڈرشپ نے مقابلے میں کامیابی حاصل کی جبکہ خیبر پختونخواہ سے کامسیٹس اور غلام اسحاق خان یونیورسٹی (جی آئی کے) کے طلبہ نے پوزیشن لیں۔ حصص کی ٹریڈنگ کے مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے طلبہ کا کہنا تھا کہ مقابلے میں شرکت سے ان کی حصص کی ٹریڈنگ اور فنڈز کی مینجمنٹ اور رسک جانچنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا۔

ایس ای سی پی کے چیئر مین فرخ سبزواری، کمشنر طاہر محمود اور کمشنر شوذب علی نے مقابلے کے شرکاء کو سراہا اور مبارکباد پیش کی۔ ایس ای سی پی کے چیئر مین نے شرکاء سے سٹاک ٹریڈنگ کے تجربے کے بارے میں دریافت کیا اور اس سالانہ مقابلے میں بہتری کے لئے تجاویز اور آراء بھی لیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایس ای سی پی اور تعلیمی اداروں میں رابطے کو بڑھانا چاہتے ہیں۔

طلباء کو سٹاک ایکس چینج کی ٹریڈنگ اور سٹاک مارکیٹ کی بنیادی ورکنگ سے آگہی دینے کے لئے ایس ای سی پی کا انویسٹر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ہر سال سٹاک ایکس چینج الیکٹرانک ٹریڈنگ کے مقابلہ منعقد کرتا ہے جس کے لئے انہی رئیل ٹائم ڈیٹا فراہم کیا جاتا ہے۔